# تشہد کے مستحبات

<?xml encoding="UTF-8"?>

## تشہد کے مستحبات

مسئلہ 1307: تشہد کی حالت میں چند چیزوں کو مستحب شمار کیا گیا ہے:

1۔ بائیں ران پر بیٹھے اور دائیں پیر کے اوپری حصے کو بائیں پیر کے تلوے پر رکھے کہ جسے تورّک کہا جاتا ہے۔

2۔ ہاتھوں کو رانوں پر رکھے اور انگلیوں کو ایک دوسرے سے ملاکر رکھے ۔

3۔ اپنے دامن پر نگاہ کرے (مراد پیر کی دو رانوں کا وہ حصہ ہے جو زانو کے اوپر ہے)۔

4۔ تشہد سے پہلے کہے: "الْحَمْدُ لِلهِ" یا کہے: "بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللہِ وَالْحَمْدُ لِلّہِ وَخَیرُ الْأَسْماِ لِلّہِ" یا کہے :"بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللہِ وَالأَسْماُ الحُسْنٰی کُلُّها لِلّہِ"

5۔ پہلے تشہد میں صلوات کے بعد کہے: "وَتَقَبَّلْ شَفاعَتَهُ وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ "

6۔ بعد کی رکعت کے قیام کے لیے کھڑے ہوتے وقت کہے: "بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہِ أَقُوْمُ وَأَقْعُدُ" یا کہے: "بِحَوْلِ اللّٰہِ وَقُوَّتِہِ أَقُوْمُ وَأَقْعُدُ وَأَرْكَعُ وَأَسْجُدُ"

مسئلہ 1308: مستحب ہے عورتیں تشہد پڑھتے وقت دونوں پیر کی رانوں کو ملا کر رکھیں ۔